Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · TAWASSUL

Allahummabe-haqqe waliyeka

خواجہ نصیر کا واقعہ

> Late Khwaja Naseer-ud-Deen Toosi belonged to a village of Jahrood, Saveh. He was born on the 11th of Jamadi ul Awwal, 597 Hijri, in the city of Toos, and his numeric date of birth is in accordance to the divine verse (17:81). And his demise fell on the 18th of Zil Hijjah, 672 Hijri, and his entire lifespan sums up to 75 years...

> مرحوم خواجہ نصیر الدین طوسی جھرود ساوہ کے دیہات کا رہنے والا تھا اس کی ولادت گیارہ جمادی الاول سال پانچسو ستانوے میں شہر طوس میں ہوئی اس کی تاریخ کا مادہ آیہ کریمہ کے ساتھ موافق ہے اور اٹھارہ ذوالحجہ سال چھ سو بہتر میں اس دنیا سے چلے گئے اور اس کی پوری عمر ۷۵ سال تھی۔۔۔

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔

JAA'A AL-HAQQU WAZAHAQA AL-BAATILU INNA AL-BAATILA KAANA ZAHOOQAA.

The truth has come and the falsehood has vanished; surely falsehood is a vanishing (thing).

حق آگیا اور باطل مٹ گیا، بے شک باطل مٹنے ہی والا تھا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Allama Iraqi mentions in his book Darus Salaam that: As per that which became popular and is also written in some books: Khwaja Naseer spent twenty years of his life penning a book on the attributes of the Infallible Progeny (peace be upon them) and took it with him to Baghdad with the intention of presenting it before the Abbasid Caliph. Coincidently, he reached at a time when the Caliph went for an adventurous trip towards the river banks of Baghdad. Khwaja placed that book before the Caliph, who handed it to Ibne Hajib. When that Nasibi (those who are hostile towards the family of Prophet) looked at the book written on the virtues of the Infallible Leaders (peace be upon them), due to immense enmity, he threw the book in water and said out of mockery: the sound of the book falling on water astonished me.

دعائے توسل کا تفصیلی واقعہ ان کی طرف جو منسوب ہے کہ لوگوں کے درمیان مشہور ہوا ہے اور بعض کتابوں میں بھی لکھا گیا یہ ہے کہ خواجہ نصیر نے بیس سال کی مدت میں مناقب اھل عصمت میں ایک کتاب تالیف کی اور اس کتاب کو اپنے ساتھ بغداد لے گیا تا کہ خلیفہ عباسی کو دکھادے اتفاق سے یہ اس وقت پہنچا کہ جب خلیفہ ابن حاجب کے ساتھ تفریح اور تماشا کے لئے بغداد میں فرات کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے خواجہ نے اس کتاب کو خلیفہ کے پاس رکھا اور اس نے ابن حاجب کو دیا جب اس ناصبی کی نظر ائمہ اطہار کے مناقب پر پڑی اس نے سخت بغض کی وجہ سے اس کتاب کو دریا میں ڈال دیا اور بطور مذاق اور استہزاء کہا اعجبنی تلّمہ اس کتاب کے دریا میں گرنے کی آواز نے مجھے تعجب میں ڈالا۔

Then he turned towards Khwaja and asked: Where are you from? Khwaja said: I am from Toos. He asked: Do you belong to the bulls or the donkeys of that city? Khwaja said: I am from the bulls of my place. Ibn e Hajib asked: Then where are your horns? Khwaja said: I have placed my horns in Toos, I will go back and bring it. Thereafter, Khwaja turned back to his city with immense sadness, sorrow and deprivation. Coincidently, one night he dreamt of a land situated on a place upon which a grave was built. A chest was placed upon the grave and on that chest, he saw that a supplication was written, which later came to be known as the supplication of Tawassul by Khwaja Naseer ud Deen toosi, and he saw that Imam Mahdi (a) was residing in that place.

پھر اس کے بعد خواجہ نصیر کی طرف متوجہ ہوا اور کہا کہاں کے رہنے والے ہیں خواجہ نے فرمایا میں طوس کا رہنے والا ہوں اس نے کہا گائیوں میں سے ہیں یا گدھوں میں سے ہیں خواجہ نے فرمایا گائیوں میں سے ہوں ابن حاجب نے پوچھا تمہارے سینگ کہاں ہیں خواجہ نے فرمایا میں نے اپنے سینگ طوس میں رکھ دیے ہیں۔ میں اس کو لینے کے لئے جا رہا ہوں پس خواجہ مہموم مغموم اور محروم اپنے علاقے واپس آئے اتفاق سے ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک مکان ہے اور اس مکان میں ایک مقبرہ ہے اور اس مقبرہ پر ایک صندوق رکھا ہوا ہے اور اس صندوق پر دعا سلام کو لکھا گیا ہے کہ جو بارہویں امام خواجہ کے نام سے معروف ہے اور حضرت حجت اس مقام پر ہوتے ہیں۔

Free to read, copy and share

His holiness taught that supplication and the way of its recitation to Khwaja Naseer. When he woke up from his dream, he forgot a portion of the supplication. He slept again and saw the same incident again in his dream, then learnt the forgotten portion from his holiness. When he woke up again, he wrote down the entire supplication, and to compensate the act of the Caliph and in order to take revenge from Ibn e Hajib, he engaged himself in the recitation of the supplication, until the day when his supplication became accomplished and his holiness (a) gave him glad tidings that his demand will be fulfilled by the hands of a child, and that he should nurture that child so that he becomes powerful in the future. Then he indicated towards his city.

پس اس بزرگوار نے اس سلام کو معروف دعا توسل کے ساتھ اور اس کے ختم کی کیفیت خواجہ کو تعلیم دی جب خواب سے بیدار ہوا ان میں سے کچھ بھول گیا تھا دوبارہ خواب دیکھا اسی طریقہ پر واقعہ کو دوبارہ خواب میں دیکھا اور جو فراموش کرچکا تھا اس کو بھی حضرت سے یاد کیا جب بیدار ہوا تو تمام کو یاد کرلیا پھر اس کو لکھا ابن حاجت اور خلیفہ کے عمل کی تلافی کے لئے اس ختم کو انجام دینے میں مشغول ہوگئے تا کہ اس کا یہ عمل انجام کو پائے اس کی حاجت قبول ہونے کے لئے کہ ایک چھوٹا بچہ جو اس کی تربیت سے بزرگ ہوگا اور وہ تاج اور سلطنت تک پہنچے گا اور اس کو وہ شہر اور جگہ کی طرف اشارہ فرمایا۔

It was said in "Jannatul Khulud" surely the key and successfulness against the enemies during the days of war and other days and paying off debt is based on seeking means through the leader of the affairs (may our souls be sacrificed for him) with the above mentioned supplication.

Then using geomancy, Khwaja located the area of that child and found out his house. He saw a lady in the house who had two infants, he requested the lady to give him those two infants and then began to nurture both of them. He understood with his cleverness that who among the two will become the king in the future, and that one grew up to become Halaku Khan. Then he put enormous effort for his upbringing, until the day when Halaku attained maturity.

پس خواجہ رمل کے ساتھ اس بادشاہ کے محلہ کا پتہ لگایا اور اس کے گھر کی جستجو شروع کی ایک عورت کو اس گھر میں دیکھا کہ جس کے دو بچے تھے ان دو بچوں کو تربیت دینے کے لئے اس عورت سے درخواست کی اور خواجہ کو تربیت کے لئے دیا اور فراست سے جان لیا کہ ان میں بادشاہ کونسا ہے اور وہ ھلاکو خان تھا پس اس کی تربیت میں بہت زیادہ اہتمام کی رعایت کی یہاں تک کہ ھلاکو خان بلوغ کی حد تک پہنچا۔

Free to read, copy and share

One day, he said to him: If you grow up to become the king, how will you solve my problem? Halaku said: I will make you my minister. Khwaja said: You must write down what you have said. Halaku wrote it down and gave it to Khwaja. After the passage of time, Halaku killed the emperor of Khurasan and sat on his throne, then made Khwaja his minister. After overcoming Khurasan, he organized attacks on other cities and began to take city after city under his kingdom, until he attacked Baghdad arresting Mosta'sim, the Abbasid Caliph. Then he killed the caliph and treated the people of that city with justice. On sighting this incident, Ibne Hajib hid himself in a person s house, where he filled a vessel with blood, placed something on the vessel and sat over it, to keep himself secured from the geomancy of Khwaja.

ایک دن خواجہ نے ھلاکو خان سے کہا اگر تم بادشاہ ہوجاؤ تو میری زحمت اور تکلیف کا کس طرح حق ادا کروگے ھلاکو نے کہا تجھ کو اپنا وزیر بناؤں گا خواجہ نے کہا کہ ضروری ہے کہ ایک عہد نامہ اس کے بارے میں لکھیں ھلاکو خان نے کہا ایسا ہی ہے اور عہد نامہ لکھا اور خواجہ کو دیا کچھ زمانہ گزرا تھا کہ ھلاکو خان خراسان کا حاکم ہوا اور حاکم کی جگہ بیٹھا اور خواجہ کو اپنا وزیر بنا دیا پس لشکر خراساں پر چھا جانے کے بعد اور شہروں کی طرف لشکر کشی کی ایک ایک شہر کو اپنے تصرف میں لے آیا یہاں تک کہ بغداد کی طرف گئے اور مستعصم خلیفہ عباسی کو ھلاک کیا اس شہر میں قتل و قتال ہوا جب ابن حاجت نے اس واقعہ کو دیکھا تو کسی کے گھر میں چھپ گیا اور ایک طشت کو خون سے بھر دیا اور اس طشت کے اوپر ایک چیز رکھا اور اس کے اوپر فرش کو بچھا دیا اور اس پر بیٹھا تا کہ خواجہ کے علم رمل سے محفوظ رہے۔

When Khwaja performed geomancy, he saw Ibn e Hajib sitting over a sea of blood. He became astonished and began to search him but failed to find any sign of him. At last, he planned a plot and decided to weigh a herd of sheep and distribute it between the people of Baghdad. He distributed them on the condition that each one of them has to return the sheep with the same weight as he had taken it. He sent one to the host of Ibne Hajib as well.

جب خواجہ نے رمل سے عمل کرنا شروع کیا تو ابن حاجت کو ایک خون کے دریا کے اوپر دیکھا حیران ہوا اس کو تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن پیدا نہیں کرسکا آخر اس نے ایک اور تدبیر سوچی کہ کئی گوسفند کو وزن کیا اور بغداد کے چند لوگوں کے درمیان تقسیم کیا اور ان سے شرط لگائی کہ جو بھی گوسفند کو لے گیا ہے اس کو چاہیئے کہ پہلے ہی جو وزن تھا وہی اسی وزن پر واپس کرے ایک گوسفند ابن حاجت کے میزبان کو بھی دیا۔

Free to read, copy and share

Ibne Hajib said: You must bring a baby wolf and feed the sheep with sufficient fodder from dawn to dusk every day. At night, bring the baby wolf in front of the sheep so that he loses all the fatness gained throughout the day on sighting the baby wolf. Perform this act regularly, you will not find any change in the sheep's weight till it remains with you. That man acted upon the command of Ibne Hajib till he returned the sheep. They saw that all the sheep differed from their original weight except the sheep given to the host of Ibn e Hajib. With his ingenuity and cleverness, Khwaja understood that Ibn e Hajib was hiding in that person s house and it was his thought.

وہ اس میں سوچنے لگا کہ اس گوسفند کے وزن کو کس طرح حفاظت کرے کہ واپس دیتے وقت اس وزن میں کوئی فرق نہ آئے ابن حاجب کے ساتھ مشورہ کیا ابن حاجت نے کہا اس کی تدبیر یہ ہے کہ ایک بھیڑیا کا بچہ لے آئیں ہر روز صبح سے شام تک کافی مقدار میں گھاس کھلا دیں جب رات ہوجائے تو اس گوسفند کو بھیڑیا کو دکھا دیں تا کہ جتنا یہ گوسفند موٹا ہوا ہے اس بھیڑیا کو دیکھ کر اتنا ہی کمزور ہوجائے جب تک یہ گوسفند تمہارے پاس ہے اس پر عمل کریں اس وقت اس کے وزن میں کوئی فرق نہیں آئے گا پس یہ مرد گوسفند واپس کرنے تک یہ عمل کرتا رہا تمام گوسفند کے وزن میں فرق ظاہر ہوا لیکن ابن حاجت کے میزبان کے گوسفند میں کوئی فرق نہیں آیا خواجہ نے فراست سے جان لیا کہ ابن حاجب اس شخص کے گھر میں ہے۔

He sent his servants for Ibn e Hajib who arrested him and brought him near Khwaja and Halaku. Khwaja said to him: My horn is this emperor who lived in Toos and I promised you that I would bring him. Then he took him to the river bank and ordered that all his books should be brought there, whereupon he threw all his books in the river except Shafia, Kafia and Mukhtasar, which could benefit the primary students of the sciences like Sarf and Nehw (syntax). Then he said: the sound of your books falling on the surface of water astonished me. Then ordered for his execution.

اور یہ تدبیر ابن حاجت کی ہے وہاں سے پکڑ کر لائے خواجہ اور ھلاکو خان کے سامنے رکھا کو اجہ نے اس سے کہا کہ میرے سینگ یہ بادشاہ ہیں اس سینگ کے لانے کا وعدہ تجھ سے کیا تھا اس کے بعد اس کو اپنے ساتھ فرات کے کنارے لے گیا اور ان کی کتابوں کو لانے کا حکم دیا خواجہ کے سامنے ابن حاجت کی ساری کتابیں دریا برد کیں اور کہا أعجبنی تلئہ ان کتابوں کے پانی میں گرنے کی وجہ سے جو آواز نکلی ہے اس نے مجھے تعجب میں ڈالا ہے۔ شافیہ کافیہ اور مختصر کو جو صرف نحو اور اصول میں تھے یہ کتابیں ابتدی کے لئے فائدہ مند تھیں ان کتابوں کو باقی رکھا اس کے بعد فرمایا کہ ابن حاجت کی گوسفند کی طرح اس کی کھال کو اتاردیں اور اس کے بدن کو شط فرات میں ڈال دیا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

This incident is mentioned regarding the source of this supplication from Imam Mahdi (a), but just as it has been stated in the book Darus Salaam, the correctness of this incident is doubtful. This is because the time of Baghdad's conquest differs from the time of Ibne Hajib's death, and there lie points in the incident of the attack of Halaku on Baghdad with the planning of Khwaja Naseer ud Deen, and also in the history of this incident, which make its authenticity questionable, which are following:

یہ وہ واقعہ ہے اس دعا کے صدور میں حضرت حجت نے ذکر کیا ہے لیکن جیسا کہ دارالسلام میں تصریح ہوگئی ہے کہ تاریخ فتح بغداد اور ابن حاجت کے فوت کی تاریخ سے ایک اشکال پیدا ہوتا ہے چونکہ ھلاکو خان کا بغداد پر حملہ کرنا اور خواجہ نصیر الدین طوسی کی فکر اور اس کی تاریخ کچھ نکات پائے جاتے ہیں کہ جو اس واقعہ کی صحت میں خدشہ پیدا کرتا ہے:

As registered in history, Ibn e Hajib died in the city of Alexandria1, not Baghdad, with the specifications mentioned in this incident.

جس طرح تاریخ میں ثابت ہے ابن حاجت کی موت اسکندریہ میں ہوئی ہے نہ کہ بغداد میں۔

He died nine years before the conquest of Baghdad and wasn t alive at the time of the advent of Halaku and Khwaja Naseer ud Deen Toosi, that would force him to sit on a vessel filled with blood.

اس کی موت فتح بغداد سے نو سال پہلے ہوئی ہے جس وقت ھلاکو اور خواجہ نصیر الدین طوسی جب بغداد میں داخل ہوئے تو ابن حاجت زندہ نہیں تھا تا کہ فرار کرتا اور خون سے بھرا ہوا طشت پر بیٹھنے کا محتاج ہوتا۔

As Khwaja located the city and area where Ibn e Hajib resided through geomancy, then why couldn't he figure out where Ibne Hajib was and where that house was in which the vessel filled with blood was placed, upon which Ibne Hajib was seated, performing the same geomancy?

جس طرح خواجہ نصیر الدین کے رمل سے استفادہ کر کے شہر حلہ اور ھلاکو خان کو دریافت کیا کیا ابن حاجت کو رمل کے ذریعے دریافت نہیں کر سکتے تھے کہ ابن حاجب کہاں ہے وہ خون کے طشت کے اوپر بیٹھا ہوا ہے کہ کہاں اور کس مکان میں قرار پایا ہے۔

Free to read, copy and share

Leaving apart all these things, Khwaja could find out, using geomancy, the sheep which was kept in the house of Ibn e Hajib's host, needless of keeping the condition of preventing the change in its weight.

اگر رمل کے ذریعے سے دریا کا خون دیکھتا ہے کیا اس سے استفادہ نہیں کرسکتا تھا ان تمام سے قطع نظر کواجہ جانتا تھا رمل کے ذریعہ جانتا تھا کہ ابن حاجت کے میزبان کو تو گوسفند میں وزن نہ کرنے کی شرط کی کیا ضرورت تھی۔ان تمام کے باوجود دعائے توسل کی اہمیت میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو خواجہ کی طرف منسوب ہے اس کتاب کے مولف نے اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے مرحوم شیخ بہائی سے نقل ہوئی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ مقدس اردبیلی سے سوال ہوا کہ کونسی چیز سبب ہوئی کہ جس کی وجہ سے اس مقامات عالیہ پر پہنچا اس نے جواب میں فرمایا خواجہ نصیر الدین دعائے توسل ہمیشہ پڑھنے کی وجہ سے۔

Nevertheless, there lies no doubt in the significance of the supplication associated to Khwaja and the author of this book has seen the desired outcome from this supplication for solving some of his problems. It is narrated from Late Sheikh Bahayi that he said: Muqaddas e Ardabeli was asked about the factor that helped him to reach such a high position? He replied: The regular recitation of the supplication of seeking means associated to Khwaja Naseer ud Deen Toosi.

Dua-e-Tawassul Khwaja Naseer Allaahumma Salle wa Sallim (https://fzic.org/library/dua/tawassul-khwaja-naseer-2554).

دُعاء توسل اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ (https://fzic.org/library/dua/tawassul-khwaja-naseer-2554) خواجہ نصیر۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/allahummabe-haqqe-waliyeka-2620 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.